رول نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2016 اور 2019-2017 )

اردو (لازمی) | 018 - ( نہم کلاس ) | وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز ) | **PAPER CODE = 5021** | کل نمبر : 15

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1-1 | صبح قریش کی آنکھیں کھلیں، تو پلنگ پر آنحضرت ؐ کی بجائے تھے: (A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ (C) حضرت عثمانؓ (D) جناب امیرؓ |
| 2 | میرؔ اور مرزاؔ کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے: (A) مرزا غالبؔ کے (B) میر دردؔ کے (C) خواجہ باسط کے (D) سوداؔ کے |
| 3 | سلیم کو کس نے آ کر جگایا: (A) حضرت بی نے (B) بیدارا نے (C) ماں نے (D) باپ نے |
| 4 | ننھا عید کے روز میلے میں سے لایا تھا: (A) کھلونا گاڑی (B) غلیل (C) لٹو (D) مٹھائی |
| 5 | میں نے بھی تقدیر اور تدبیر پر لیکچر دے کر ثابت کر دیا کہ تدبیر کوئی ۔۔۔: (A) مسئلہ نہیں (B) چیز نہیں (C) معاملہ نہیں (D) پریشانی نہیں |
| 6 | دن بھر اُلو آرام کرتا ہے اور رات بھر کرتا ہے: (A) کوکو (B) چوں چوں (C) ٹوٹو (D) ہوہو |
| 7 | دکان کھولنے سے پہلے دکاندار کو چاہیے کہ وہ دہشت گردی کے حوالے سے جائزہ لے: (A) اردگرد کے افراد کا (B) اردگرد مشکوک اشیاء کا (C) اردگرد کی دکانوں کا (D) تالوں کا |
| 8 | کملی میں کون مگن رہتا ہے : (A) گدا (B) شاہ (C) درویش (D) فقیر |
| 9 | امیر مینائی نے بے داغ لالہ اور بے خار گل کسے کہا ہے: (A) پھولوں کو (B) آنحضرت ؐ کو (C) صحابہ کرامؓ کو (D) بزرگانِ دین کو |
| 10 | عمر دراز مانگ کے لائے تھے ۔۔۔ : (A) چار گھنٹے (B) چار دن (C) چار ماہ (D) چار سال |
| 11 | تاریک کا متضاد ہے : (A) روشنی (B) چاندنی (C) روشن (D) اندھیرا |
| 12 | مسرت کا مترادف ہے : (A) حسرت (B) حیرت (C) ہنسی (D) خوشی |
| 13 | فقیر کی مؤنث ہے : (A) فقیرنی (B) فقیری (C) فقیرن (D) فقیریا |
| 14 | ذکر کی جمع ہے : (A) ذاکر (B) اذکار (C) ذاکرین (D) مذکور |
| 15 | ادیان کا واحد ہے : (A) دن (B) دنیا (C) دین (D) دیوان |



ParhloPakistan.com

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 اور 2017-2019)

اردو (لازمی) — 018 - (نہم کلاس) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : ا (انشائیہ طرز) — (پہلا گروپ) — کل نمبر : 60

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(ii) جو بے داغ لالہ، جو بے خار گل ہے — وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(حصہ غزل)

(v) آتشِ غم سے دل بُھنا شاید — دیر سے بُو کباب کی سی ہے

(vi) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا — اندھیرے اجالے میں رویا کیا

(vii) بُلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گِلا — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ظرافت مزاج میں اس قدر تھی کہ اگر آپ کو بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو قلعے میں گئے۔ بادشاہ نے پوچھا: "مرزا تم نے کتنے روزے رکھے؟" عرض کیا: "پیرومرشد! ایک نہیں رکھا۔" ایک دن نواب مصطفیٰ خان کے مکان پر ملنے کو آئے۔ ان کے مکان کے آگے چھتا تاریک تھا۔

(ورق الٹیے)

LHR-9-1-18

ParhloPakistan.com

3۔ (ب) بھینس اگر ورزش کرتی اور غذا کا خیال رکھتی تو شاید چھریری ہوسکتی تھی لیکن کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ بعض لوگ مکمل احتیاط کرنے پر بھی موٹے ہوتے چلے جاتے ہیں۔ بھینس کا مشغلہ جگالی کرنا ہے یا تالاب میں لیٹے رہنا۔ وہ اکثر نیم باز آنکھوں سے اُفق کو تکتی رہتی ہے۔ لوگ قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔

10 4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے :

(i) برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟ (ii) شاعر امیرمینائی کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(iii) حضرت اسماءؓ کون تھیں؟ (iv) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

(v) دلی قوئی کو بےکار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟ (vi) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

(vii) حضرت بی کون تھیں اور اُنھوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟ (viii) ہم ہر خوش گلو پرندے کو بُلبُل سمجھتے ہیں، اس میں قصور کس کا ہے؟

5 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) نصوح اور سلیم کی گفتگو ۔ (ب) قدر ایاز ۔

5 6۔ نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ " کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

10 7۔ ابّا جان کو خط لکھ کر اپنے سکول میں ہونے والے ریزلٹ ڈے کی تفصیل لکھیے۔ یا ہیلتھ آفیسر کو درخواست لکھیے اور اپنے محلّے میں موجود گندگی کے ڈھیروں اور صفائی کے عملے کی غفلت کے خلاف شکایت کیجیے۔

5 8۔ ایک کہانی لکھیے جس کا عنوان " گیدڑ کی مکاری " ہو۔ یا ہوٹل منیجر اور مہمان میں مکالمہ تحریر کیجیے۔

5 9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے :

(i) احمد نے کتاب کو پڑھا۔ (ii) ہم نے حج کرنا ہے۔ (iii) سامان، مکان اور دکانیں سب جل گئیں۔

(iv) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔ (v) آبرو مٹی میں ملانا۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) آخ تھو --- (ii) بد اچھا --- (iii) جس کی لاٹھی ---

(iv) زبانِ خلق کو --- (v) غریب کی جورو ---

101-018-I-(Essay Type)-153000 LHR

LHR-9-1-18

ParhloPakistan.com